صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 18 فروری 2014ء بمطابق 17 ربیع الثانی 1435 ہجری بعداز دوپہر چار بجے منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اوراس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِن تُطِيعُواْ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ يَرُدُّوكُمۡ عَلَىٰٓ أَعۡقَٰبِكُمۡ فَتَنقَلِبُواْ خَٰسِرِينَO بَلِ ٱللَّهُ
مَوۡلَىٰكُمۡۖ وَهُوَ خَيۡرُ ٱلنَّٰصِرِينَO سَنُلۡقِي فِي قُلُوبِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ ٱلرُّعۡبَ بِمَآ أَشۡرَكُواْ بِٱللَّهِ مَا لَمۡ
يُنَزِّلۡ بِهِۦ سُلۡطَٰنٗاۖ وَمَأۡوَىٰهُمُ ٱلنَّارُۖ وَبِئۡسَ مَثۡوَى ٱلظَّٰلِمِينَ۔ صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلۡعَظِيمِ۔

(ترجمہ): مومنو! اگر تم کافروں کا کہا مان لوگے تو وہ تم کو الٹے پاؤں پھیر کر (مرتد کر) دیں گے پھر تم بڑے خسارے میں پڑ جاؤ گے۔ (یہ تمہارے مددگار نہیں ہیں) بلکہ خدا تمہارا مددگار ہے اور وہ سب سے بہتر مددگار ہے۔ ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں تمہارا رعب بٹھا دیں گے کیونکہ یہ خدا کے ساتھ شرک کرتے ہیں جس کی اس نے کوئی بھی دلیل نازل نہیں کی اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے وہ ظالموں کا بہت بُرا ٹھکانا ہے۔

وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۔

دعائے مغفرت

جناب فضل الٰہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): جناب سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر فضل الٰہی صاحب۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات: جناب سپیکر صاحب، زه اپیل کوم۔ کومې واقعې چې په پشاور کښې وشوې او قیمتي زمونږ ورونړه پکښې شهیدان شو او تاسو وکتل چې څومره واقعې راغلې، په دیکښې، د هغې د پاره زه درخواست کوم چې د هغوی د پاره دعا وشی او مونږه هغه د زړه د کومی نه Condemn کوؤ۔ تهینک یو۔ (مداخلت) ټوله صوبه یادوم جی، ټوله صوبه کښې بالکل چې څومره واقعې شوې دی، د ټولو د پاره د دعا وشی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ لطف الرحمان صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ جتنے بھی شہداء ہیں، ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔

(اس مرحلہ پر تمام شہداء کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔

حلف وفاداری رکنیت

Mr. Deputy Speaker: Now, I welcome Mr. Akbar Ayub Khan, newly elected Member and request to stand in front of his seat to take oath.

(Applause)

(اس مرحلہ پر نو منتخب رکن اسمبلی، جناب اکبر ایوب خان نے حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ پر ملاحظہ ہو)

جناب ڈپٹی سپیکر: مبارک ہو جی۔

جناب اکبر ایوب خان: تھینک یو۔ شکریہ، شکریہ۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: Now, I request the honourable Member, to sign the Roll of Members. placed on the table of Secretary Provincial Assembly.

(اس مرحلہ پر نو منتخب رکن نے حاضری رجسٹر میں اپنے دستخط ثبت کئے)

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، ان کے اسمائے گرامی: جناب وجیہہ الزمان خان صاحب، ایم پی اے 18-02-2014 و 19-02-2014؛ محترمہ ملیحہ تنویر صاحبہ، ایم پی اے 18-02-2014؛ محترمہ آمنہ سردار صاحبہ، ایم پی اے 18-02-2014؛ جناب محمود خان صاحب، ایم پی اے 18-02-2014 و 19-02-2014؛ محترمہ نادیہ شیر خان صاحبہ، ایم پی اے 18-02-2014؛ جناب فریڈرک عظیم صاحب، ایم پی اے 18-02-2014 و 19-02-2014؛ جناب محب اللہ خان صاحب، پارلیمانی سیکرٹری 18-02-2014۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Deputy Speaker: Item No. 4, 'Panel of Chairmen': In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a 'Panel of Chairmen' for the current Session:

1. Mr. Mehmood Jan;
2. Madam Maliha Tanveer;
3. Madam Nighat Yasmeen Orakzai; and
4. Syed Jaffar Shah.

عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Deputy Speaker: Item No. 5, 'Committee on Petitions': In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a 'Committee on Petitions' comprising the

following Members under the Chairmanship of honourable Deputy Speaker:

1. Mr. Mehmood Jan;
2. Mr. Samiullah Alizai;
3. Mr. Muzaffar Said;
4. Mr. Sultan Muhammad Khan;
5. Madam Amna Sardar; and
6. Madam Uzma Khan.

تحریک التواء

Mr. Deputy Speaker: Item No. 8: Madam Nighat Yasmeen Orakzai, MPA, to please move her adjournment motion No. 61, in the House. Madam Nighat Orakzai.

محترمہ نگہت اورکزئی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر صاحب، اسمبلی کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کرنے کی مجھے اجازت دی جائے، وہ یہ کہ پشاور یونیورسٹی میں اساتذہ کی جانب سے طالبات کو جنسی طور پر ہراساں کیا جارہا ہے جس سے طالبات اور والدین میں سخت تشویش پائی جاتی ہے۔ یہ سلسلہ کئی سالوں سے چلا آرہا ہے اور 2011 میں بھی میں نے ان گھناؤنی کارروائیوں کے خلاف آواز اٹھائی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ جس کی وجہ سے ایک طرف یونیورسٹیاں تباہ ہو رہی ہیں اور دوسری طرف طالبات تعلیم کو خیر باد کہہ رہی ہیں لیکن کچھ ناگزیر وجوہات اور اسمبلی کی میعاد ختم ہونے کے بناء پر ان کرداروں کو کیفر کردار تک نہ پہنچا سکے۔ تحریک انصاف کی حکومت سے میری یہ درخواست ہے کہ ان گھناؤنے کرداروں سے پردہ اٹھائے اور بچیوں کے مستقبل کو تباہ ہونے سے بچایا جائے تاکہ قوم کی بیٹیاں علم سے آشنا ہو سکیں اور ان کالی بھیڑوں سے نجات حاصل کر سکیں۔

جناب سپیکر صاحب، اس پہ میں ایک دو چار باتیں ہی Add کرونگی، وہ یہ کہ 2010 میں جب یہ واقعہ میرے نالج میں آیا تو جناب سپیکر صاحب، اس پہ میں نے اس ہاؤس میں بات کی اور باقاعدہ اس پہ سی ایم صاحب جو تھے، امیر حیدر خان ہوتی صاحب، ان کی میں شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایک ہائی لیول کی اس پہ کمیٹی بنائی اور اس میں چونکہ بہت سے شواہد اور بہت سے ثبوت میں لے کر گئی تھی اور میں ان تمام کرداروں کو بھی سامنے لیکر آئی تھی اور یہ باقاعدہ ایک اخبار میں اشتہار چھپا تھا نامعلوم، یعنی طالبات کی

طرف سے جنہوں نے نام ظاہر نہیں کیا تھا اور اس پہ جب ہم لوگوں نے، اس انکوائری کمیٹی میں مجھے مطلب انہوں نے نہیں بلایا لیکن بہر حال وہ میں ان لوگوں کو جب بھجواتی رہی تو اس کمیٹی کو جو یہ گھناؤنے کردار ہیں با قاعدہ طور پہ، ان کے چہرے سب کو آشنا ہیں لیکن اس کے بعد چونکہ مدت ختم ہوگئی ہماری اسمبلی کی، تو سر، سرد خانے میں یہ کیس چلا گیا لیکن یہ تمام گھناؤنا کاروبار ابھی تک جاری ہے اور اس میں جناب سپیکر صاحب! چونکہ ہمیں Freedom of speech جو ہے تو یہ کسی کسی کی ہمت ہوتی ہے کہ جو ان Topics پہ بات کر سکے۔ یہ تمام میرے یہاں پہ بیٹھے ہوئے لوگوں کے علم میں بھی ہوگا کہ یہ تمام چیزیں ان تعلیمی اداروں میں چل رہی ہیں اور سر، ایک ایسی بات ہے کہ صرف طالبات کے والدین کو اور پھر طالبات کو بٹھادیا جاتا ہے اور ان کو کہا جاتا ہے کہ آپ کی بدنامی ہو جائے گی، آپ کی شادی نہیں ہو پائے گی اور آپ کا مستقبل خراب ہو جائے گا تو آپ Patch up کر لیں، اگر آپ یا کمیٹی چاہے گی تو میں وہ Proofs بھی لا کر وہ جو صلح نامے کے Proofs ہیں، وہ بھی میں لا کر یہاں پہ پیش کر سکتی ہوں جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، تعلیمی اداروں میں ان لوگوں کو ترقیوں پہ ترقیاں مل رہی ہیں جو کہ اس گھناؤنے کرداروں میں ہیں اور وہ سر، کیا ہے؟ ٹیسٹ تو پاس کر لیتی ہیں بچیاں اور بچیاں چونکہ ذہین ہوتی ہیں، ان کو بلایا جاتا ہے دفتر میں اور کہا جاتا ہے کہ میرے ساتھ یا Dinner کرو اور یا میرے ساتھ باہر Outing کیلئے جاؤ تو Viva میں آپ کو اگر 10 نمبرز ہیں تو میں اس میں آپ کو 9 نمبرز دیدوں گا اور جناب سپیکر صاحب، ہائی لیول پہ یہ گھناؤنا کاروبار چل رہا ہے اور جو بچیاں ہماری قوم کی بچیاں جنہوں نے کل مائیں بننا ہیں اور وہ ایک مفکر کی بات ہے کہ "تم مجھے اچھی ماں دیدو، میں تمہیں اچھی قوم دیدونگا" لیکن اگر ہمارے ہی یہ کردار جو کہ مقدس پیشہ ہے اور اسی مقدس پیشے کے ساتھ کھلواڑ ہو رہا ہے جناب سپیکر صاحب، میں اس کی باقاعدہ طور پہ مذمت بھی کرتی ہوں جناب سپیکر صاحب اور اس پہ باقاعدہ یونیورسٹی میں ہنگامہ بھی ہوا ہے اور وہ اخبارات میں باقاعدہ طور پہ چھپا بھی ہے تو جناب سپیکر صاحب، میں آپ سے اور اس گورنمنٹ سے جو کہ انصاف کے نام پہ آئی ہے اور انصاف سب کیلئے برابر ہے، ایک طرف ترازو ہے اور ایک طرف انصاف ہے، تو ترازو اور انصاف کو جب دیکھا جائے تو یہ دونوں چیزیں ایسی ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ رحمٰن میں کہا ہے، فرمایا ہے وہاں پہ کہ میں نے میزان کو برابر، آسمان کو اس طریقے سے بنادیا ہے

کہ وہ بالکل اس میں آپ انصاف کر سکو، توازن قائم رکھ سکو جناب سپیکر صاحب، اور اس پہ ایسا وزن ہو کہ اس میں تمہیں کوئی کمی اور بیشی کا نقصان نہ ہو۔ جناب سپیکر صاحب، میں اس کی پر زور مذمت کرتی ہوں اور ان لوگوں کی مرمت کرنے کیلئے جناب سپیکر صاحب، (تالیاں) میں اس اسمبلی کو اور اس اسمبلی کے جو دعویدار بیٹھے ہوئے ہیں، جو انصاف کے نام پہ آئے ہیں کہ ان کی نہ صرف مرمت کی جائے، نہ صرف ان کو ان کے عہدوں سے ہٹایا جائے بلکہ ان بچیوں کو جو ہے، ان بچیوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور جناب سپیکر صاحب، ایک طرف ہمارے سکولز تباہ و برباد ہو رہے ہیں دھماکوں سے، جیسے بھی ہے اور دوسری طرف یہ کاروبار ہو رہا ہے تو جناب سپیکر صاحب! بچیاں کہاں جائیں گی؟ تو میں آپ کے توسط سے جناب سپیکر صاحب! گورنمنٹ سے ریکویسٹ کرتی ہوں کہ خصوصی دلچسپی لے اس میں اور ان کی مرمت کا کوئی سامان پیدا کرے۔ تھینک یو جناب سپیکر۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم عظمیٰ خان، پلیز۔

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، نگہت صاحبہ نے جو ایشو اٹھایا ہے، یقیناً بہت توجہ طلب ایشو ہے۔ جناب سپیکر، مسئلہ یہاں سے Create ہوتا ہے کہ جب ہم اسمبلی میں کوئی ایشو لاتے ہیں اور اسے ڈسکس کرتے ہیں، اس پہ کمیٹیاں بنتی ہیں لیکن اس میں ہماری Representation نہیں ہوتی۔ ہونا یہ چاہیئے کہ جو ممبر جو بھی ایشو اس اسمبلی میں لیکر آئے، اس کمیٹی میں اس ممبر کا ہونا ضروری ہو۔ میری گزارش ہو گی کہ اگر آپ اس پر دوبارہ کمیٹی یا کچھ بھی بناتے ہیں تو موؤر کو ضرور On board لیں۔ شکریہ سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آنریبل مشتاق غنی صاحب، پلیز۔

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر! جو تحریک التواء میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ نے پیش کی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اس میں بڑے Sensitive قسم کے ایشو کی طرف انہوں نے اشارہ کیا ہے جو کوئی ایک واقعہ شاید ہوا تھا 12-2011 میں اور کوئی کمیٹی بھی بنی تھی لیکن ابھی کوئی As such ہمارے نوٹس میں نہیں ہے اور یہ بات میں سمجھتا ہوں کہ زیادہ بہتر ہوتا کہ ہم اپنی جگہ بیٹھ

کر بھی کر سکتے تھے، انکوائری بھی کر سکتے تھے، ہر چیز Possible ہے، ہم سب جتنے یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، کوئی اس بات کی Favour نہیں کریگا کہ کسی بھی تعلیمی ادارے میں کسی بھی اس طرح کی کوئی چیز رونما ہو اور چونکہ کوئی چیز اس میں Particular case بھی Mention نہیں ہے کہ جس کے بارے میں ہم کوئی معلومات لے سکیں۔ بہر کیف میں پھر بھی آن دی فلور آف دی ہاؤس یہ اپنی بہن کو یقین دلاتا ہوں کہ میں اس کی Detailed inquiry کرونگا اور ان سے میں، جو انہوں نے اشارتاً بتایا ہے کہ کوئی مواد ہے ان کے پاس، میں ان سے لونگا اور میں ان شاء اللہ ان کے ساتھ ملکر ان کو میں بالکل اس میں اپنے ساتھ رکھونگا اور جو بھی یہ مجھے مواد دیگی، ہم دونوں اس کو Inquire کر لینگے اور ان شاء اللہ اگر کوئی ایسا کیس ہے تو اس کو ہم کبھی بھی معاف نہیں کرینگے اور اگر نہ ہوا تو پھر وہ الگ بات ہے لیکن میری یہ ایک درخواست ہے کہ اساتذہ سارے ایسے نہیں ہوتے، یہ ایک مقدس پیشہ ہے اور کسی ایک کالی بھیڑ کی وجہ سے پوری کمیونٹی کو بدنام نہیں کرنا چاہیئے اور اگر کوئی کالی بھیڑ پائی گئی تو میں اس فلور پہ یہ Commitment دیتا ہوں کہ ہم اس کو بالکل ایک لمحے کیلئے بھی Spare نہیں کرینگے۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی مسٹر محمد علی شاہ باچا۔

<u>سید محمد علی شاہ</u>: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، دا داسې یو ایشو ده چې بعضې دا کمیټیانې چې مونږه کومې جوړې کړې دی سټینډنګ کمیټیانې، نو هغه چې داسې Discussion openly مونږ کهلاؤ په اسمبلیانو کښې نشو کولے نو سټینډنګ کمیټۍ هم د دغه دغه د پاره وی چې هغې کښې به پوره مسئله راشی او هلته به Thrash out شی، نو زما دا ریکویسټ دے تاسو ته چې نګهت بی بی دا کومه مسئله دلته Raise کړې ده، پکار ده چې دا مونږ سټینډنګ کمیټۍ ته حواله کړو او هغې کښې Properly thrash out شی او چې کوم ګناهګار وی، هغوی ته به سزا ملاؤ شی او چې کوم ګناهګار نه وی نو هغوی ته به جزا ملاؤ شی۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: جناب سپیکر!

(شور)

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! یہ میری قوم کی بچیوں کا سوال ہے جناب سپیکر صاحب، یہ میرے صوبے کی بچیوں کا سوال ہے جناب سپیکر صاحب، یہ میرے گھر کی بیٹی کا سوال ہے۔ جناب سپیکر صاحب، 2010 سے میں نے اپنی بیٹی کو گھر میں بٹھا کر میں اس کو تعلیم دے رہی ہوں کیونکہ مجھے پتہ ہے کہ کیا ہو رہا ہے اور کیا نہیں ہو رہا ہے؟ اگر میں ان تمام لوگوں کو یہاں پر بے پردہ کرنے لگ جاؤں تو پھر یہ اسمبلی جو ہے، یہ وہ ایسی چیز بن جائے گی کہ کل کو اخبارات اور ٹی وی پر، ابھی میں اسی سلسلے میں ایک اور بات اگر میں آپ کے نالج میں، اگر آپ کے توسط سے بات کرنا چاہوں، میں جذباتی ہو جاتی ہوں اسلئے کہ یہ میری قوم کی بچیاں ہیں۔ میری قوم کے بچے ایک طرف دھماکوں سے خراب اور تباہ ہو رہے ہیں، دوسری طرف ان کالی بھیڑوں کی طرف سے تباہ اور برباد ہو رہے ہیں۔ داؤدزئی میں جناب سپیکر صاحب، پانچ سال کی بچی کے ساتھ اجتماعی زیادتی ہوئی ہے، میں اس کا نام اخبارات میں یا میڈیا پہ نہیں لانا چاہتی تھی، اس کے پاس میں خود گئی ہوں، میں نے ایس ایچ او صاحب سے بات کی ہے اور پھر ان کے Complaints cell سے جو مجھے Messages آئے تھے، گئے ہیں لیکن کسی بندے نے ایل آر ایچ سے اس کو کہہ دیا کہ اس کو فارغ کریں اور حیات آباد سے، چلیں سنیں ابھی آپ، اب آپ سنیں، دل کھول کر سنیں اور کان کھول کر سنیں کہ اگر میں ایسی باتیں یہاں اسمبلی میں نہیں لانا چاہتی تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ لوگ جو ہیں تو اس پر بے حسی کا مظاہرہ کریں۔ جناب سپیکر صاحب، انہوں نے بہت Light لیا ہے اس مسئلے کو اور میں ان کے جواب سے بالکل مطمئن نہیں ہوں، اس کو یا کمیٹی کے حوالے کیا جائے، سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ وہاں پہ میں ان کو Proof دے سکوں۔ انہوں نے تو کہہ دیا ہے کہ جی اگر ایسا مسئلہ ہوا، آپ پہلے یہ تو اپنے ڈیپارٹمنٹ سے پوچھیں۔ جناب سپیکر صاحب! آپ کے توسط سے میں ان سے یہ سوال کرتی ہوں کہ آپ اپنے ڈیپارٹمنٹ سے پوچھیں کہ کیا یونیورسٹی میں ہنگامہ نہیں ہوا تھا طلباء کا اس ایشو پہ؟ اگر آپ اتنے ہی ناخبر ہیں اخبارات سے تو پھر آپ کی گورنمنٹ اتنی ہی ناخبر ہے ان اخبارات کی سرخیوں سے، اگر آپ کی گورنمنٹ اتنی ہی ناخبر ہے ان تمام ہونے والے واقعات سے تو پھر آپ لوگوں کو یہاں پر بیٹھ کر حکومت کرنے کا کوئی حق نہیں ہے، آپ کو انصاف کہنا، انصاف کی بات کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ (تالیاں) آپ کو اس بات پہ کوئی حق نہیں ہے کہ آپ کی بچیاں جو ہیں، وہ صرف تعلیم اسلئے چھوڑ دیں کہ ان کو وہ

گھناؤنے کردار جو ہیں، وہ ان کو بلیک میل کریں اور ان کو کہیں کہ ہم آپ کو 10 میں سے 10 نمبرز دیتے ہیں، اگر آپ ہمارے ساتھ جا کر تو Dinner یا چائے کریں یا ہمارے ساتھ Long drive پہ جائیں۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اپنی بیٹی کے متعلق اس ہاؤس میں اس قسم کی بات کروں؟ میں کبھی بھی نہیں چاہونگی۔ اس پر جناب سپیکر صاحب، میں بالکل مطمئن نہیں ہوں، میں پہلے اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کرنے کے موڈ میں نہیں تھی لیکن اب اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے سے سر، آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ اس کو کریں اور ان کو میں تمام ثبوت لا کر دیدونگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر منور خان، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تهینک یو سر۔ څنګه چې سر محمد علی باچا خبره وکړه او په دې پوائنټ باندې اوپن ډسکشن هم نه دے پکار نو دا پکار ده چې کمیټۍ ته لاړ شی، که د میډم سره چرته داسې Evidence وی یا چرته هغه وی ورسره نو پکار دا ده چې یره په دې فلور باندې عام پبلک لکه په دې هغه باندې دا ډسکس کول هم پکار نه ده، نو چې سټینډنګ کمیټۍ ته لاړ شی نو چې چرته مطلب دا دے دوئ سره Evidence وی نو هلته به ډیر په عزت سره په طریقې سره هغه شے ډسکس شی او چې چرته مطلب دے هغه بهیرېې دی According to Madam نو هغه به هم پوائنټ آؤټ شی نو زما دا ریکویسټ دے سر چې دا کمیټۍ ته ریفر شی نو دیکښې به دغه کړی۔ تهینک یو سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ مسٹر مشتاق غنی۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! میرا تو خیال تھا کہ میں نے کافی Comprehensive جواب دیا تھا اور میں نے یہ کہا تھا کہ اس ایشو پہ جیسے منور خان صاحب نے ابھی کہا کہ یہ مناسب نہیں ہے، لوگوں کی بچیاں پڑھتی ہیں، Sometime، میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں، ہمارے کسی گرلز کالج کے بارے میں کسی شہر میں اس طرح کی ایک خبر لگی اخباروں میں، میں Personally گیا، سب نے Investigate کیا اور آپ خدا پہ یقین کریں کہ اس پورے واقعے کا دور سے بھی کوئی تعلق نہیں تھا لیکن لوگوں کے دلوں میں وہ بہت زیادہ ایک چیز پیدا ہو گئی کہ ہماری بچیاں Insecure ہیں۔ میں یہ ریکویسٹ کر رہا ہوں کہ چونکہ یہ جو تحریک التواء آپ اس کو پڑھ لیں کہ اس میں کوئی خاص Particular واقعے کی

طرف اشارہ نہیں ہے، جو ایک واقعہ ہوا 2011-12 میں ہوا تھا جس میں کمیٹی بنی تھی اور وہ انہی کا دور حکومت تھا لیکن اب اگر کوئی بات ہوئی ہے تو میں ایک ذمہ دار انسان کی حیثیت سے انہیں کہہ رہا ہوں کہ آپ میرے ساتھ بیٹھیں، وہ مواد جو یہاں پہ یا، سٹینڈنگ کمیٹی بھی تو ایک منی اسمبلی ہی ہے، یہ مجھے دیں میٹریل، میرے ساتھ بیٹھیں، آخر تک ہم دونوں ملکر انکوائری کرتے ہیں اور اگر ہم نے انکوائری میں کوئی کمی کی (تالیاں) تو آپ آکے اسی فلور پر بتائیں کہ ہم نے انکوائری میں فلاں جگہ پہ کمی یا کوتاہی کی ہے۔ اسلئے آپ کو انکوائری میں ساتھ رکھ رہا ہوں تو میرے خیال میں This is the sufficient answer for this adjournment motion.

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: Indirectly یہ مجھے کہہ رہے ہیں کہ یہ میرے ساتھ بیٹھیں تاکہ یہ مجھے Drive پر لیکر جائیں اور پھر کہیں کہ میں 10 میں سے 10 نمبر ز دیدوں آپ کو۔ (تالیاں) بات یہ ہے جناب سپیکر صاحب، ابھی یہاں پہ میرے تمام یہاں پہ ابھی۔۔۔۔۔

(شور)

اراکین: شیم شیم۔

محترمہ نگہت اورکزئی: ابھی آپ لوگوں کیلئے، آپ لوگوں کیلئے تاکہ مجھے Drive پر لیکر جائیں۔ جناب سپیکر صاحب، اس کو سٹینڈنگ کمیٹی میں۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! یہ میری بچیوں کا سوال ہے جیسا کہ منور خان نے کہا کہ ہم اس ہاؤس میں اوپن ڈسکشن نہیں کر سکتے۔ اگر منسٹر صاحب چاہتے ہیں کہ ان پردہ نشینوں کے نام آئیں تو پھر تو میں ان پردہ نشینوں کے نام لینے کیلئے تیار ہوں۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ نگہت اورکزئی: کمیٹی کو حوالے کیا جائے، کمیٹی کو حوالے کیا جائے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ لوگ مہربانی کرکے، آپ لوگ مہربانی کریں اپنے ہاؤس کو In order رکھیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاؤس کو آرڈر میں رکھیں، پلیز۔

(شور)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

ایک رکن: ہمارا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی، پہلے مشتاق غنی صاحب کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ (قہقہہ)

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! میں نے ہمیشہ نگہت کو اپنی بہن کہا ہے اور آج بھی اپنی بہن کہہ رہا ہوں، وہ میرے ساتھ جائیں تو میری بہن ہوگی وہ، کوئی ایسی بات نہیں ہے۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب صاحب۔ سردار اورنگزیب نلوٹھا، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہ اگر وزیر صاحب، جو سٹینڈنگ کمیٹی ہے، اس ہاؤس کی بنی ہے تو اس میں یہ چلی جائے بات تو میرے خیال کے مطابق شفاف طریقے سے انکوائری ہوگی اور خود منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ کسی ایک کالی بھیڑ کی وجہ سے پوری کمیونٹی کو بدنام نہ کیا جائے تو منسٹر صاحب اس کالی بھیڑ کو کیوں نہیں بے نقاب ہونے دیتے؟ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی میں جانا چاہیئے اور اس کو بے نقاب ہونا چاہیئے۔ دوسری بات یہ ہے کہ نگہت اورکزئی صاحبہ نے جو یہ کال اٹینشن لایا ہے، یہ کوئی ایسا کال اٹینشن نہیں ہے کہ اس کو یہ نظر انداز کر رہے ہیں، اس کی انکوائری ہونی چاہیئے۔ ہماری بچیاں، جناب سپیکر صاحب! ہماری بچیاں۔۔۔۔۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! میں نے تو کہہ دیا ہے کہ۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: فلور آپ نے مجھے دیا ہوا ہے جناب سپیکر صاحب، ہماری بچیاں کالجوں میں اور سکولوں میں جاتی ہیں اور انہیں اگر حکومت تحفظ فراہم نہیں کر سکتی ہے تو پھر میرے خیال کے مطابق یہ مشتاق غنی صاحب کی بہت بڑی کمزوری ہے، ان کے محکمے کی کمزوری ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! ضروری بات کرنا چاہتی ہوں۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ۔مائیک آن کریں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! یہ بہت زیادہ اہم ایشو ہے، اس ایشو کو میں اس وقت تک چونکہ آج کا جو ایجنڈا ہے، یہ بھی بہت ضروری ہے جو امن کے نام پہ ہے، جو ہمارے امن کے اس پہ ہے، لاء اینڈ آرڈر کے نام پہ ہے، سر! لاء اینڈ آرڈر کے ساتھ جوڑی ہوئی یہ بات ہے۔ کیا آپ کے توسط سے میں وزیر صاحب سے پوچھ سکتی ہوں کہ انہوں نے پچھلے دنوں کے اخبارات نہیں پڑھے جس میں کہ باقاعدہ طور پر یونیورسٹی میں ہنگامہ ہوا ہے اسی بات پہ؟ اگر انہوں نے نہیں پڑھے تو یہ مجھے بتادیں یا ان کا انفارمیشن منسٹر بیٹھا ہوا ہے، سر، دیکھیں، یہ کچھ چیزیں ہوتی ہیں جو کہ ہم یہاں پہ فلور پہ ان چیزوں کو بے نقاب نہیں کر سکتے اور اگر وزیر صاحب کہتے ہیں تو پھر میں بے نقاب کرنے پہ ابھی آجاؤں تاکہ پھر ان کے والدین کو جواب یہ خود دینگے کہ ان کا نام کیوں آیا ہے یہاں فلور آف دی ہاؤس پہ؟

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سکندر شیرپاؤ، پلیز۔

جناب سکندر حیات خان: ډیره مهربانی جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، دا ایشو اهم ایشو ده او Serious issue ده، دې ته لږ Serious انداز سره Approach هم پکار دے۔ وزیر صاحب باندې هم زمونږ اعتماد دے، هغه هم د دې هاؤس ممبر دے۔ د دې سائډ ممبران هم چې دی هغه هم د دې هاؤس ممبران دی او د دې صوبې نمائندګان دی۔ که یو ممبر دلته کښې خبره کوی، دلته کښې یو موشن راولی نو هغه به په څه بنیاد به راولی۔ جناب سپیکر، پکار ده چې مونږ ټول د د هغې هر

ممبر چې دے ، د هغه احترام د کوؤ او زه ځکه دا دغه کوم چې بهتره به دا وی چې که دا تاسو Put کړئ چې دا تاسو سټینډنګ کمیټئ ته ئے لیږئ او که د هاؤس سپیشل کمیټی دې له جوړوئ، که واقعی منسټر صاحب دا غواړی چې د دې حقیقت د راا وځی نو هغه کمیټئ کښې به راا وځی او هغه به مخامخ به شی ، که څه غلط خلق وی نو د هغوی خلاف به هم کارروائی Recommend کړی او که څوک پکښې بې ګناه دی نو بې ګناه به هم ثابت شی۔ زما خیال دے چې لږ سیریس اخستل پکار دی۔ دا ټول قوم دې خوا ته مونږ ته ګوری او که مونږ دا سې ایشوز دې طریقې سره Deal کوؤ نو زما خیال دے چې دا به ښه Message نه ځی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ مسٹر شاہ فرمان، پلیز۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات): شکریہ جناب سپیکر۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بہت سیریس ایشو ہے اور ایسا کوئی ایشو بھی نہیں ہے کہ حکومت کے اوپر کوئی الزام ہے یا اپوزیشن کے اوپر کوئی الزام ہے، ایک Common issue ہے سب کیلئے اور جس طرح کے حالات جا رہے ہیں اور جس طرح ایک گلوبل ویلج اور میڈیا کی جتنی Infiltration ہے، یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے کلچر کی Protection کیلئے، اپنی روایات کی Protection کیلئے Extra vigilant ہوں، ہم زیادہ ہوشیار ہوں، ہم زیادہ چیک رکھیں ان چیزوں کے اوپر کیونکہ یہ بالکل ناقابل برداشت ہے۔ میں جناب سپیکر، اس ایشو کے اوپر اپوزیشن کا ساتھ دونگا (تالیاں) لیکن میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں منسٹر صاحب سے بھی کہ اس کیلئے سٹینڈنگ کی بجائے سپیشل کمیٹی بنائی جائے اور سپیشل کمیٹی میں اگر خواتین کو ڈالا جائے زیادہ تر تاکہ وہ جو Affected ہیں، وہ ذرا کھل کے ان کے ساتھ بات کر سکیں کیونکہ مردوں کا، یہ نہیں کر سکتے کہ وہ Explore کر سکیں کہ حالات کیا ہیں اور اس کے ساتھ منسٹر صاحب سے بھی میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں اور ہاؤس کو بھی یہ یقین دلاتا ہوں کہ اگر کوئی ایسی چیز پائی گئی تو Exemplary punishment ہونی چاہیئے اس کیلئے اور میری یہ ریکویسٹ ہے جناب سپیکر اور منسٹر صاحب سے بھی یہ ریکویسٹ ہے کہ اس کے اوپر ہم Agree کریں کہ سپیشل کمیٹی بنائیں اور سپیشل کمیٹی کے اندر خواتین کو، ہمارے پاس بڑی ساری اپوزیشن و گورنمنٹ کی خواتین کو کہ وہ خود جا کے Investigate کر کے ایک ایسی رپورٹ پیش کریں کیونکہ خواتین کے سامنے خواتین بات کر سکتی ہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے توسط سے منسٹر صاحب شاہ فرمان صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے اتنے اچھے طریقے سے جو پندرہ منٹ سے یا بیس منٹ سے ہم ایک موضوع پر بات کر رہے ہیں، انہوں نے اس کو اتنے اچھے طریقے سے سمیٹا اور واقعی اس میں خواتین کی نمائندگی زیادہ ہونی چاہیئے، مجھے جس وقت یہ بلاتے ہیں، میں حاضر ہونگی، ضروری نہیں ہے کہ موؤر جو ہے تو اس کمیٹی میں ضرور شامل ہوں۔ آپ یہاں پر جو حکومتی بنچ کی خواتین ہیں اور جو اپوزیشن کی خواتین ہیں، ان کو بٹھائیں، میں ان کو بریف کرونگی کہ کیا ہوا، کیسے ہوا اور کہاں پہ ہوا؟ اور پھر اس کے بعد وہ Evidence جو ہے، وہ ان کے سامنے رکھونگی اور پھر جو کمیٹی فیصلہ کریگی تو وہ میرا خیال ہے، یہ چونکہ نہ تو حکومت کی بات ہے اور نہ اپوزیشن کی، جیسے شاہ فرمان صاحب نے بتایا تو میرا خیال ہے اسی پر میں ان کا شکریہ بھی ادا کرتی ہوں اور اگر کمیٹی بنادی جائے تو بہتر ہے۔

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر سراج الحق صاحب، پلیز۔

سینیئر وزیر (خزانہ): رولز میں لکھا ہے کہ تحریک التواء کے حوالے سے دفعہ 71 جز (ب) کو آپ پڑھیئے۔ اس میں لکھا ہے کہ تحریک کا تعلق ایک واحد متعین معاملہ سے ہونا چاہیئے جو حال ہی میں وقوع پذیر ہوا ہو تو سوال یہ ہے کہ اس میں خود ہی لکھا ہے کہ گزشتہ اسمبلی کا میعاد ختم ہونے کی وجہ اس پر کارروائی نہیں ہو سکی، یعنی گزشتہ اسمبلی کا، خود ہی اس میں اعتراف کیا گیا ہے تو کیا یہ سپیکر صاحب، دفعہ 71 جز (ب) کے مطابق میرے خیال میں یہ تو، انہیں ہم سپورٹ کرتے ہیں، تعاون کرتے ہیں جو شاہ فرمان وغیرہ، لیکن ویسے ایک قانونی نکتہ ہے، اس پر آپ کی بھی رولنگ ہونی چاہیئے کہ اس رول کی روشنی میں یہ اس کے مطابق نہیں لگتا ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you very much for your assistance.

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! یہ جو بات گزشتہ اسمبلی کی ہوئی ہے، اس قسم کا واقعہ اس وقت بھی ہوا تھا لیکن یہ جو بات ہے، یہ بعد کی بات ہے، یہ مہینے کی بات ہے، مہینے کی بات ہے اور یہ میں نے تقریباً کوئی پندرہ دن پہلے یہ کال اٹینشن جمع کروایا ہے، یہ ابھی ہوا ہے، Second یہ واقعہ ہے جو کہ یونیورسٹی میں اس پر تصادم بھی ہوا ہے طلباء کے گروہوں کا، بالکل آدھا حصہ جو ہے، یہ اس کی Continuation ہے، اگر آپ دیکھیں تو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ انیسہ زیب صاحبہ شاید وہ کچھ Assist کر سکے، ان سے بات کرتے ہیں، ان کو سنتے ہیں۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ معزز سینئر منسٹر صاحب نے جو پوائنٹ کیا ہے، وہ صحیح ہے لاء کے مطابق لیکن اسی قانون میں جو ہمارا ضابطہ 71 ہے، اس کا جو (c) Sub rule ہے، اس میں لکھا ہے: “The motion shall not revive discussion on a matter which has been discussed in the same session”. تو یہ سیشن ابھی شروع ہوا ہے، Even اگر پچھلے سیشن میں کوئی اس حوالے سے ہو بھی تو اس کو ہم، اس لحاظ سے اس پر کوئی قدغن نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جناب۔

سینئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سراج الحق صاحب۔

سینئر وزیر (خزانہ): اگر نگہت میڈم صاحبہ یہ بتائیں کہ اگر اس چیز کو انہوں نے گزشتہ ایک بار اسمبلی میں اٹھایا ہے جو زائد از میعاد ہو گیا ہے اس دفعہ (b) 71 کے مطابق، یعنی ہم قانون کے حوالے سے بات کرتے ہیں باقی تو، مونږه پښتانه يو او چې ځنګه د غيرت او د پښتو او د عزت تقاضه ده هغه شان مونږه ولاړ يو درسره خو خبره د قانون او د دې رولز مطابق کوم نو که اسمبلۍ د رولز مطابق وچليږي نو زياته به مناسبه وي۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی انیسہ زیب صاحبہ، پلیز۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: رولز کے بارے میں جناب معزز رکن نے بتایا چونکہ یہ معاملہ ان خواتین کی حرمت کو محفوظ رکھنا ہے اسلئے اس Specific incident کو انہوں نے اپنے اس معاملے کا حصہ نہیں بنایا اور دوسرا یہ اسمبلی سیکرٹریٹ نے اس کی تمام شقیں دیکھ کر اور تب ہی اس کو ایجنڈے پر لیکر آئے ہیں جناب سپیکر اور ہمیں پورا یقین ہے کہ سیکرٹریٹ نے ان تمام چیزوں پہ غور کرکے یہاں پر پیش کیا۔

جناب سلطان محمد خان: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سلطان محمد خان صاحب، پلیز۔

جناب سلطان محمد خان: سپیکر صاحب مهربانی۔ سپیکر صاحب! چونکه ایشو ډیره زیاته سیریس ده او اوس په دې وخت کښې سینیئر منسټر صاحب په دې باندې قانونی یو ډیبیټ هم شروع کړو نو سپیکر صاحب، زه د هاؤس په نوټس کښې دا خبره راوستل غواړم چې کوم Rule 71 دے، هغه خو ټولو دلته Quote کړو او هغه ئے اووئیلو۔ بل چې میډم کوم دغه جمع کړے دے تحریک التواء، هغې کښې سپیکر صاحب، هغه Ongoing یوه مسئله ده، هغه دا نه ده چې هغه مسئله ختمه شوې ده دوه کاله مخکښې او اوس په هغې باندې مونږه بحث کوؤ، دې وخت کښې هم دا مسئله په میدان باندې موجوده ده نو یوه مسئله چې شته سپیکر صاحب، نو دا خو د Recent occurrence مسئله ده، بیا اسمبلی سیکرټریټ ته راغلې ده، بیا ایډمټ شوې ده په دې هاؤس کښې، دې وخت کښې نو سپیکر صاحب، زما په خیال بجائے د دې چې مونږ د دې Legal niceties ته خو Legal fine points ته خو، پکار دا ده چې په دې مسئله باندې فوری طور یو کمیټی جوړه شی او هغه په دې باندې غور و خوض وکړی جی۔ مهربانی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریه جی۔ چونکه دا Under discussion ده، Admissibility یا ایډمټ نه دے کنه جی د Proper دغه د پاره نو د دې د پاره زما خیال دے چې So for as learned honourable Minister admitted the contention of the Opposition تو I think it will be better چې دا، اس کو، آپ کیا چاہتے ہیں؟۔۔۔۔۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر مشتاق غنی، پلیز۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: میں سر، یہ ریکویسٹ کر رہا ہوں کہ ہمیں، دیکھیں جیسے سراج الحق صاحب نے کہا ہمیں کسی کمیٹی پہ، سٹینڈنگ کمیٹی میں جانے پہ اعتراض نہیں ہے، ہم صرف یہ کہہ رہے ہیں کہ ایک ایشو ہے، یہ جو انہوں نے کہا ہے کہ 12-2011 کا ہے یا اس کے بعد کا ہے تو کوئی Specified چیز ہے ہی نہیں اس کے اندر، Specific چیز کوئی Mention ہی نہیں ہے اور پھر اگر اسی طرح ہر ایڈجرنمنٹ موشن آتی رہے اور ایڈمٹ ہم کرتے رہے تو میرے خیال میں، اور پھر یہ ایشو جو ہے ہم یہ چاہتے ہیں کہ جیسے میں نے نگہت اورکزئی صاحبہ سے کہا کہ آپ اور ہم بیٹھ کر اس کو چیک کرتے ہیں، ایشو ہے بھی ہے یا نہیں ہے، ہر چیز سامنے آجانا، میں نے پہلے آپ کو Example بھی دی ہے کہ نہیں ہوتی اور پھر جیسے سراج الحق صاحب نے آپ کو حوالہ دیا (b) 71 کا، آپ (g) 71 بھی دیکھ لیں کہ: "The motion must not deal with a hypothetical case"، وہ بھی اس میں یہ چیز نہیں آ رہی ہے، پھر 69 آپ پڑھ لیں، اس کے تحت بھی یہ بنتی ہی نہیں ہے سر، باقی جو ایوان کی رائے ہے لیکن ہم تو لاء کے تحت بات کر رہے ہیں۔

محترمہ معراج ہمایون خان: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ معراج ہمایون صاحبہ۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ منسټر صاحب ته خو اول پخیر راغلے وایم چې هغه د خپل ټور نه واپس راغلے د یورپ نه او د هغوی په دې غیر موجودگۍ زمونږه اوس وخت کښې دوه مسئلې روانې دی یو خو د جینکو د سبق او د جینکو سره د بې عزتی کیدل په یونیورسټیز کښې او په تعلیمی ادارو کښې، بل طرف ته زمونږه د تعلیم هغه چې مسئله ده، د لاء اینډ آرډر مسئله ده نو دا یو داسې ایشو ده چې دا اپله دې پله کیدل نه دی پکار، دا د کمیټۍ ته لاړ شی او په دې باندې د غور وشی۔ جینکۍ هسې هم غیر محفوظه دی د کور نه نشی وتلې ځکه چې سړکونو باندې هم امن و امان نشته دے، په کالجونو کښې هغه نشته دے، یونیورسټی خو زمونږه بالکل تباه ده، ټولې

یونیورسټیانې تباه دی۔ پرون چې دا وشول او اور ولګیدلو، دا حالاتو کښې به جینکو سره څنګه سلوک کیږی، هغه Imagine کولې شی هر څه، د هائر ایجوکیشن او دې مسئلې ته ډیر فکر کول پکار دی او دا کمیټۍ ته لیږل پکار دی او دا په لویه دائره کښې کتل پکار دی۔ مهربانی۔

<u>سردار مہتاب احمد خان (قائد حزب اختلاف)</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: مسٹر مہتاب احمد خان عباسی صاحب۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: جناب سپیکر، آپ کا بہت شکریہ۔ میرا خیال تھا کہ جو آنریبل منسٹر صاحب ہیں ہائر ایجوکیشن کے، انہوں نے اس کو بلاوجہ Resist کیا۔ دیکھیں یہ ایک بہت Sensitive issue ہے اور حقیقت یہ ہے کہ It exists there جس کا وجود ہے، یہ آنریبل ممبر نے جو Issue raise کیا ہے، یہ ان کی اچھائی ہے کہ انہوں نے اس کو ایک Decent طریقے سے پیش کیا ہے۔ یہ بڑا تکلیف دہ، نہایت قبیح اور Evil issue ہے، It does exist there, let us accept it، یہ مجھے امید نہیں تھی کہ منسٹر صاحب اس کے اوپر Resist کرینگے۔ یہ آپ کی حکومت کا ایشو نہیں ہے، This issue is a social issue، یہ ہماری یونیورسٹیز میں، ہمارے سکولز میں یہ موجود ہے اور بڑا تشویشناک ہے۔ ہم سب جو یہاں بیٹھے ہیں، ہماری بیٹیاں بھی ہیں، ہماری بہنیں بھی ہیں، ہماری مائیں ہیں، Our daughters are in the colleges and the universities and they go through a very painful, I must stress on the word, they go through a very painful practices in the higher education، Exploitation ہے کیونکہ ہماری سوسائٹی میں بیٹیاں اور بچیاں اور بہنیں بڑی مشکل سے بات کرتی ہیں۔ جناب سپیکر، یہ ہمارا تو ایک بہت مختلف ملک ہے، یہاں پہ اس کی Social values مختلف ہیں، اس کی Moral values different ہیں، یہاں پہ Religious اور Cultural pressure different ہے لیکن Fact یہ ہے کہ پوری دنیا میں جو Western Countries ہیں، جہاں پہ بہت مختلف نظام ہے، وہاں پر بھی یہ Issue exist کرتا ہے اور Off and On آتا رہتا ہے تو ہمارے ہاں ایک بہت ظلم سے ہماری بچیاں گزرتی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس ایشو کو میں بہت سوچ رہا تھا کہ کیا طریقہ ہو، یہ سوچنے کی ضرورت ہے، اس پر ڈسکشن اوپن شاید نہیں ہونی چاہیئے لیکن اگر حکومت اپنے انٹیلی جنس سسٹم کو بھی اس میں Involve کرے، یہ ہماری بچیوں کے مستقبل کی

بات ہے،They need protection،ان کی حفاظت نہیں بلکہ ان کو ایک باپ کی طرحProtect
کرنا ہے،ایک اس ماں کی طرح ان کوProtect کرنا ہے جو ہر آنے والے طوفان سے اپنی اولاد کو بچاتی ہے،
تو یہ ایشو بہت Important ہے، میں Appreciate کرتا ہوں آنریبل منسٹر شاہ فرمان صاحب کو کہ
انہوں نے ایڈمٹ کیا اور پھر آخر میں ایجوکیشن منسٹر صاحب نے بھی ایڈمٹ کیا،اس پر ایک بہت اچھی تجویز
یہ ہے کہ جو ہماری خواتین ممبرز ہیں، وہ اس کوConduct کریں، وہ اپناRoleادا کریں لیکن میرے ساتھ
ہی اس میں یہ بھی ہوگا کہ پورے صوبے میں ہائر ایجوکیشن کے جو انسٹی ٹیوشنز ہیں، جہاں پر بدقسمتی سے
Coeducation کی Compulsion ہے، جہاں جہاں پر فیکلٹی ممبرز جو ہیں، وہ میل ممبرز ہیں، وہاں
سب کو شامل کرنا چاہیئے کیونکہ میرے اپنے علم میں ہے، مجھے تھوڑے دن پہلے ایک خط ملا چونکہ اس پہ
دستخط نہیں تھے تو اسلئے میرے پاس کوئی ذریعہ نہیں تھا کہ اس کو میں Raise کرتا یا میں اس پر کچھ پیچھے جاتا
لیکن Just hardly few days back, I also received a letter which was not
signed by any member لیکن اس پر Petition تھی From the female students,
It was regarding the COMSAT Institution in Abbottabad کہ وہاں پر بھی
اس ایشو کو انہوں نے کہا کہ ایک بڑی Exploitation ہے اور بڑی تکلیف سے گزرنا پڑتا ہے تو سچی بات
ہے کہ ایک دردمندی تھی اور انہوں نے اللہ کا واسطہ دیا تھا لیکن مجھے حقیقتاً اس کے، میرے بچوں کے اس
میں نام نہیں لکھا ہوا تھا تو میرے پاس کوئی راستہ نہیں مل رہا تھا لیکن I am thankful today to
the honourable Member that she has provided an opportunity for
me also کہ میں بھی اپنی اس بات کو کروں کیونکہ یہ ساری جو انکوائریز ہیں، ان کو ایک تو 'ان کیمرہ' ہونا
چاہیئے۔Please make sure that this proceedings جیسا کہ ابھی تجویز ہوگئی ہے کہ اس کو
ایک سلیکٹ کمیٹی میں ہو یا ایک سپیشل کمیٹی میں ہو The proceedings of the Select
Committee or Special Committee must be confidential, they must
be kept confidential by all means اور وہ 'ان کیمرہ' ہو اور جس کی Report
presentation ہو، وہ بھی میں تجویز کروں گا کہ They should find out some
provision in the rules کہ That report should not be presented openly

تاکہ ہم اس کو ڈسکس کر کے اس کے اوپر دیکھ کے Then we will find out, how to proceed further? کیونکہ یہ انکوائری سٹینڈنگ کمیٹی یا سلیکٹ کمیٹی کے پاس جو ہو گی That will not be sufficient، Sufficient یہ ہو گا کہ We must find out the real culprits behind it، جو Exploitation کرتے ہیں، جو ایک گھناؤنا کردار ادا کرتے ہیں، ان کو Find out کر کے، ان کو سارے نظام سے خارج کرنے کی ضرورت ہے، وہ کیسے خارج ہوں؟ وہ قانون کے سخت ہاتھ ہوں، معاشرے کے سخت ہاتھ ہوں اور پھر یہ ہاؤس کسٹوڈین بن کے ان کے پیچھے کھڑا ہو۔ So this is my suggestion, I am thankful کہ یہ مسئلہ آج پیش آیا۔ اس کیلئے (تالیاں) میں آنریبل سینیئر منسٹر سے، آنریبل سینیئر منسٹر سے میری ریکویسٹ ہے کہ وہ ایشو جو ہے، یہ میرا خیال تھا کہ They would come forward as a champion of this issue, but انہوں نے بجائے اس کے کہ وہ اس کے Champion بنتے، اس کے رول ماڈل کے طور پہ سامنے آتے He tried to take his shield behind the so called rules of this House۔ یہ ایشو ہے اور We must admit that and we must go further to find it out اور I want a complete support for this from the government (تالیاں) میں چاہوں گا کہ اس کی حمایت ہونی چاہیئے۔ Thank you very much, Sir۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی مسٹر سراج الحق، پلیز۔ سراج الحق صاحب! مسٹر سراج الحق صاحب، پلیز۔

<u>سینیئر وزیر (خزانہ)</u>: جناب سپیکر، سردار صاحب کو سپورٹ کرتے ہوئے تین اصولی باتیں کروں گا۔ ایک تو یہ ہے کہ ہر اس معاملے کی تحقیقات کرنا لازم ہے جس میں کوئی مستغص ہو اور اگر میڈم کے علم میں کوئی مستغص ہو تو بغیر آ کے کہ وضاحت کر لیں، ان کی طرف سے ایک Commitment آئی ہے، اس پر ہم قائم ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ Suppose کسی ممبر اسمبلی کے علم میں کوئی ایسی بات آجائے تو بجائے اس کے کہ آئندہ سیشن کا انتظار کریں اور اس میں اتنا عرصہ گزر جائے کہ جس پر ظلم ہوا ہو، اس پر بھی یعنی تین چار سال گزر جائیں جس نے ظلم کیا ہو، اس کو بھی سزا نہ ملے تو انتظار کئے بغیر متعلقہ محکمے سے بات ہو،

